## سبق-13



4205CH13

# چاند

تُم ندّی پر جاکر دیکھو　　جب ندّی میں نہائے چاند
کیسی لگائی ڈُبکی اُس نے　　ڈر ہے ڈُوب نہ جائے چاند
کِرنوں کی اِک سیڑھی لے کر　　چَھم چَھم اُترا آئے چاند
جب تُم اُس کو پکڑنے جاؤ　　پانی میں چُھپ جائے چاند
اب پانی میں چُپ بیٹھا ہے　　کیا کیا رُوپ دکھائے چاند

چاہے جِدھر کو جاؤ افسرؔ
ساتھ تمھارے جائے چاند

(افسرؔ میرٹھی)



© NCERT not to be republished

# مشق



## پڑھیے اور سمجھیے۔

رُوپ : صورت، شکل



## ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. چاند کہاں جا کر دیکھنے کو کہا گیا ہے؟
2. چاند نے کہاں ڈُبکی لگائی؟
3. چاند کے ڈُبکی لگانے سے کیا ڈر پیدا ہوتا ہے؟
4. چاند ندّی میں کس سیڑھی سے نیچے اُترا؟
5. چاند پانی میں کب چُھپ جاتا ہے؟
6. چاند ہمارے ساتھ کہاں کہاں جاتا ہے؟

© NCERT not to be republished



## خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

نے    پر    ہے    میں    کو


1. تم ندی ــــــ جا کر دیکھو

2. کیسی لگائی ڈُبکی اس ———

3. پانی ——— چُھپ جائے چاند

4. جب تم اس ——— پکڑنے جاؤ

5. اب پانی میں چُپ بیٹھا ———



## حروف کو ملا کر لفظ بنایئے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | ڈ | و | ب | | | = ________ |
| .2 | چ | ا | ن | د | | = ________ |
| .3 | پ | ا | ن | ی | | = ________ |
| .4 | ک | ر | ن | و | ل | = ________ |
| .5 | پ | ک | ڑ | ن | ے | = ________ |



## لفظوں کو دیکھ کر خالی خانوں میں صحیح حرف لکھیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| .1 ساتھ | = | س | ا | |
| .2 جِدھر | = | ج | | ر |

© NCERT not to be republished

3. دیکھو = د ے [ ] و

4. سیڑھی = س ی [ ] ی

5. بیٹھا = ب ے [ ] ا



چاند کی مختلف شکلیں تصویر بنا کر دکھایئے۔

| نیا چاند | آدھا چاند | پورا چاند |
|---|---|---|
| .................. | .................. | .................. |



نظم کی مدد سے حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

| الف | ب |
|---|---|
| تم ندّی پر جا کر دیکھو | کیا کیا رُوپ دکھائے چاند |
| کرنوں کی اِک سیڑھی لے کر | ساتھ تمھارے جائے چاند |
| اب پانی میں چُپ بیٹھا ہے | جب ندّی میں نہائے چاند |
| چاہے جدھر کو جاؤ افسر | چَھم چَھم اُترا آئے چاند |

© NCERT not to be republished



## سوچیے اور بتائیے۔

1. آسمان پر آپ اور کیا کیا دیکھتے ہیں؟

2. کیا آپ نے کوئی ندی دیکھی ہے؟ نام بتائیے۔



## خوش خط لکھیے۔

| | |
|---|---|
| نہائے | ______ ______ ______ ______ ______ |
| ڈُبکی | ______ ______ ______ ______ ______ |
| چَھم چَھم | ______ ______ ______ ______ ______ |
| چُھپ | ______ ______ ______ ______ ______ |
| افسر | ______ ______ ______ ______ ______ |

© NCERT not to be republished



## اس نظم کو یاد کیجیے۔